# ۷ - سکّے اور نوٹ


## سکّوں اور نوٹوں کا خُردہ (چلّر)

◆ ۱ رُوپے کا خُردہ یعنی



۵۰ پیسوں کے ۲ سکّے۔

◆ ۲ رُوپے کا خُردہ یعنی



۵۰ پیسوں کے ۴ سکّے


یا

۱ رُوپے کے ۲ سکّے

یا

۱ رُوپے کا ۱ سکّہ اور ۵۰ پیسے کے ۲ سکّے

◆ ۵ رُوپے کا خُردہ یعنی



۱ رُوپے کے ☐ سکّے

یا

۲ رُوپے کے ☐ سکّے اور

۱ رُوپے کے ☐ سکّے

یا

۵۰ پیسے کے ☐ سکّے

◆ ۱۰ رُوپے کا خُردہ یعنی



۵۰ پیسے کے ☐ سکّے

۱ روپے کے ☐ سکّے

۲ روپے کے ☐ سکّے

۲ روپے کے ☐ سکّے اور ۱ روپے کے ☐ سکّے

۵ روپے کے ☐ سکّے




ماں : سلیم جاؤ ذرا دُکان سے ۵۰۰ روپے کا خُردہ لے آؤ۔



سلیم نے کھلے پیسے لائے۔




◆ روپے ۱۰ + روپے ۲۰ + روپے ۲۰

روپے ۱۰ + روپے ۱۰ + روپے ۱۰ + روپے ۱۰ + روپے ۱۰

۵۰ روپے کا خُردہ ہوتا ہے ۲۰ روپے کے ۲ نوٹ اور ۱۰ روپے کا ۱ نوٹ یا ۱۰ روپے کے ۵ نوٹ۔

بتائیے ان کے علاوہ اور کس طرح خُردہ کیا جا سکتا ہے۔

◆



۲۰ روپے کا خُردہ ہوتا ہے ۵ روپے کے ۴ سکّے یا ۱۰ روپے کے ۲ سکّے یا ۱۰ روپے کا ۱ سکّہ اور ۵ روپے کے ۲ سکّے۔ بتائیے ان کے علاوہ اور کس طرح خُردہ کیا جا سکتا ہے۔


## ◆ ۲۰۰۰ روپے کا خُردہ یعنی




- ۲۰ روپے کے ☐ نوٹ
- ۵۰ روپے کے ☐ نوٹ
- ۱۰۰ روپے کے ☐ نوٹ
- ۵۰۰ روپے کے ☐ نوٹ

### بندھا کرنا

کسی رقم کے چھوٹی قیمت کے نوٹ یا سکّے دے کر اس رقم کے برابر زیادہ قیمت کے نوٹ یا سکّے لینے کو بندھا (بند) کرنا کہتے ہیں۔




## مشق

۱. چوکون میں مناسب عدد لکھیے۔

(۱)
- ۵ روپے کے ☐ نوٹ
- ۱۰ روپے کے ☐ نوٹ
- ۲ روپے کے ☐ سکّے اور ۱۰ روپے کے ☐ نوٹ

بندھے ۵۰ روپے

(۲)
- ۵ روپے کے ☐ نوٹ
- ۱۰ روپے کے ☐ نوٹ اور ۲۰ روپے کے ☐ نوٹ
- ۲۰ روپے کے ☐ نوٹ
- ۵۰ روپے کے ☐ نوٹ

بندھے ۱۰۰ روپے

(۳) ۱۰ رؤپے کے ☐ نوٹ
۲۰ رؤپے کے ☐ نوٹ
۵۰ رؤپے کے ☐ نوٹ
۱۰۰ رؤپے کے ☐ نوٹ
۵۰۰ رؤپے کے ☐ نوٹ

بندھے
۲۰۰۰ رؤپے

۲. عامر کے پاس ۹ نوٹ ہیں۔ان سب کی کُل قیمت ۵۰۰ رؤپے ہے۔اس کے پاس کتنی قیمت کے کون سے نوٹ ہیں؟

۳. فیروزہ کے پاس کچھ ۱۰۰ رؤپے کے، کچھ ۵۰ رؤپے کے اور کچھ ۲۰ رؤپے کے نوٹ ہیں۔تمام نوٹوں کی کُل قیمت ۵۰۰ رؤپے ہے تو اس کے پاس ہر قسم کے کتنے نوٹ ہیں؟

۴. نیاز کے پاس ٦ نوٹ ہیں۔ان سب نوٹوں کی کُل قیمت ۱۰۰۰ رؤپے ہے تو نیاز کے پاس کس قیمت کے کتنے نوٹ ہیں؟

۵. سلمٰی کے پاس ۱۱ نوٹ ہیں اُن سب کی کُل قیمت ۱۰۰۰ رؤپے ہے تو اس کے پاس کس قیمت کے کتنے نوٹ ہیں؟

---

◆ 

۱۰ رؤپے کے ۱۰ نوٹ
۵۰ رؤپے کے ۲ نوٹ

۱۰۰ رؤپے کے نوٹ کی قیمت ۱۰ رؤپے کے نوٹ کی قیمت کا ۱۰ گُنا ہوتی ہے۔اسی طرح ۱۰۰ رؤپے کے نوٹ کی قیمت ۵۰ رؤپے کے نوٹ کی قیمت کا دُگنا ہوتی ہے۔

---

◆ 

روپے ۱۰۰ + روپے ۱۰۰ + روپے ۱۰۰ + روپے ۱۰۰ + روپے ۱۰۰
۵۰ روپے کے ۱۰ نوٹ

۵۰۰ رؤپے کے نوٹ کی قیمت ۱۰۰ رؤپے کے نوٹ کی قیمت کا پانچ گُنا ہوتی ہے۔اسی طرح ۵۰۰ روپے کے نوٹ کی قیمت ۵۰ رؤپے کے نوٹ کی قیمت کا ۱۰ گُنا ہوتی ہے۔

---

◆ 

۵۰۰ رؤپے کے ۴ نوٹ
۱۰۰ رؤپے کے ۲۰ نوٹ

۲۰۰۰ رؤپے نوٹ کی قیمت ۵۰۰ رؤپے کے نوٹ کی قیمت کا ☐ گُنا ہوتی ہے۔اسی طرح ۲۰۰۰ رؤپے کے نوٹ کی قیمت ۱۰۰ رؤپے کے نوٹ کی قیمت کا ☐ گُنا ہوتی ہے۔